© rasailojaraid.com

اس بنا پر وہ ہر طرح اس کے اہل ہیں کہ بخاری جیسی مشکل کتاب کا ترجمہ اور تحشیہ انگریزی زبان میں کر سکیں۔

ترجمہ کا صرف پہلا حصہ اس وقت ہمارے پیش نظر ہے جو کتاب الایمان کے خاتمہ تک پہنچا ہے۔ ہر صفحہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اوپر اصل عربی متن اور انگریزی ترجمہ ہے، اور نیچے مختصر مگر جامع حواشی درج کیے گئے ہیں۔ ہر باب کے آخر میں ایک ضمیمہ درج کیا گیا ہے جس میں ہر ایک حدیث کے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ خود بخاری میں اور حدیث کی دوسری کتابوں میں کہاں کہاں آئی ہے۔ اس کے بعد پورے باب پر ایک اجمالی تبصرہ کر دیا گیا ہے تاکہ لوگ پورے باب کے مطالب اچھی طرح سمجھ لیں۔ ہم نے ترجمہ اور حواشی کو پورے غور کے ساتھ لفظ بلفظ دیکھا۔ ہمارے نزدیک مترجم نے سمجھنے اور سمجھانے کا حق ادا کر دیا ہے، خصوصاً جہاں کہیں انہوں نے جدید ذہنیتوں کے مطابق احادیث کی مشکلات کو حل کیا ہے وہ تو انہی کا حصہ ہے۔

مترجم ہمارے ملک میں غریب الدیار ہیں، اور انہوں نے اتنی بڑی کتاب کی اشاعت کا بار اپنے اوپر لے کر بڑی ہمت کا اظہار کیا ہے اب یہ ہماری قوم کے انگریزی داں حضرات کا کام ہے کہ اس کتاب کو کثرت سے خریدیں تاکہ مترجم کا اصل مقصد بھی حاصل ہو اور ان کو کتاب کی اشاعت میں بھی مدد ملے۔ پوری کتاب ۳ حصوں میں شائع ہوگی۔ ہر حصہ کی قیمت ہندوستان اور سیلون میں عہ ممالک غیر کے لیے چار شلنگ۔ ملنے کا پتہ: عرفات پبلیکیشنز۔ سری نگر، کشمیر۔

**Mohammad the Prophet** تالیف جناب فضل کریم خاں صاحب درانی ضخامت ۱۲۰ صفحات قیمت دو روپیہ۔ ملنے کا پتہ:۔ دفتر اخبار ٹرتھ، ریلوے روڈ، لاہور۔

یہ کتاب دراصل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت نہیں ہے، بلکہ سیرت پر ایک محققانہ تبصرہ ہے۔ دوسرے الفاظ میں ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ ایک صاحب فکر انسان تاریخ عالم کے پورے مرقع میں اسلام کے آخری اور سب سے بڑے داعی کی سیرت، اس کی شخصیت، اس کی تعلیم اور اس کے اثرات کا مطالعہ کر کے جن نتائج پر پہنچا ہے ان کو اس کتاب میں بیان کیا گیا ہے۔ سیرت نبوی پر اب تک بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں،

© rasailojaraid.com